**02.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں بجٹ اجلاس کے آغاز پر صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر بحث ہوئی اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

☆ لوک سبھا کی کارروائی، اپوزیشن رہنما راہل گاندھی کے ذریعے فوج کے سابق سربراہ کی غیرمطبوعہ کتاب کا حوالہ دینے پر ہنگامہ آرائی کے تناظر میں کئی مرتبہ ملتوی کی گئی۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کانگریس رہنما پر خیالی اور حقائق سے پرے اقتباسات کا حوالہ دینے کا الزام لگایا۔

☆ مرکز نے بایو مینوفیکچرنگ کے شعبے کو فروغ دینے کیلئے مرکزی بجٹ میں بایو فارما شکتی کیلئے دس ہزار کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔

☆ حکومت نے دَلدلی زمین کے عالمی دن کے موقع پر ملک میں رام سَر مقامات میں اضافے کو اجاگر کیا ہے۔ ملک میں 2014 میں 26 رام سَر مقامات تھے جو بڑھ کر اب 98 ہوگئے ہیں۔

☆ اور گھریلو شیئر بازار میں تیزی دیکھنے میں آئی۔ Sensex میں 944 پوائنٹس کا اضافہ جبکہ نفٹی میں 263 پوائنٹس کا اضافہ درج کیا گیا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**RS Motion of Thanks**

راجیہ سبھا میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب پر شکریے کی تحریک پر بحث شروع ہوگئی ہے۔ اِس بحث کیلئے کُل 16 گھنٹے مختص کئے گئے ہیں۔ شکریے کی تحریک پیش کرتے ہوئے نامزد رُکن C. Sadanandan Master نے کہا کہ صدر جمہوریہ محترمہ مرمو نے اپنے خطاب میں وکست بھارت کے سفر کیلئے ایک واضح اور پُر اعتماد وژن پیش کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ NDA حکومت پہلے دن سے ہی سماجی انصاف اور غربت کے خاتمے کے بارے میں بالکل واضح رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ وکست بھارت کی تعمیر صرف بنیادی حکمت عملی، 'سب کا ساتھ، سب کا وِکاس، سب کا وشواس اور سب کا پریاس' سے ہی کی جاسکتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے پچھلی ایک دہائی میں 25 کروڑ لوگوں کو غربت کی سطح سے باہر نکالا

ہے۔شکریے کی تحریک کی حمایت کرتے ہوئے BJP کی ڈاکٹر Medha Vishram Kulkarni نے کہا کہ صدر جمہوریہ کے خطاب میں بھارت کی مسلسل ترقی کو اجاگر کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کی معیشت بیحد مضبوط ہے اور ملک کی شرح ترقی 7اعشاریہ دو فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ ڈاکٹر Kulkarni نے کہا کہ GST کی آمدنی میں اضافہ ہوا ہے اور گذشتہ چند برسوں میں تین کروڑ نئے ٹیکس دہندگان شامل ہوئے ہیں۔

کانگریس کے دِگ وجے سنگھ نے الزام لگایا کہ حکومت، کسان مخالف اور مزدور مخالف ہے۔ انھوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ ملک میں روزگار کم ہو رہا ہے اور حکومت کے وعدے کے باوجود کسانوں کی آمدنی ابھی تک دوگنی نہیں ہوئی ہے۔TMC کی Sagarika Ghose نے الزام لگایا کہ ڈیجیٹل نظام، سائبر دھوکہ دہی اور ڈیٹا گھپلے کو بڑھا رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ فضائی اور آبی آلودگی میں اضافہ ہورہا ہے اور اِس سے مالی نقصانات ہو رہے ہیں۔JDU کے سنجے کمار جھا، DMK کے Tiruchi Siva اور سماج وادی پارٹی کے رام گوپال یادو سمیت کئی ارکان نے بحث میں حصہ لیا۔ شکریے کی تحریک پر بحث جاری رہے گی۔x

## LS Adjournment

اپوزیشن لیڈر اور کانگریس رکنِ پارلیمنٹ راہل گاندھی کی جانب سے فوج کے سابق سربراہ ایم ایم Naravane کی غیر مطبوعہ کتاب سے متعلق تبصرے پر شور و غل اور بار بار ہنگامہ آرائی کی وجہ سے لوک سبھا کی کارروائی آج دن بھر ملتوی ہوتی رہی۔ جناب گاندھی، بجٹ اجلاس کے آغاز پر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر ہورہے مباحثے میں حصہ لے رہے تھے۔ دوسری مرتبہ ملتوی ہونے کے بعد سہ پہر چار بجے جب ایوان کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی تب جناب گاندھی نے غیرمطبوعہ کتاب کا حوالہ دیا، جس پر برسرِاقتدار اتحاد کے اراکین نے اعتراض کیا۔ جناب گاندھی نے دعویٰ کیا کہ انہوں نے جو معاملہ اٹھایا ہے، اُس کا تعلق قومی سلامتی سے ہے۔

اِس دوران Presiding افسر نے کانگریس رہنما کو اسپیکر کی رولنگ یاد دلائی اور انہیں شکریے کی تحریک کے موضوع پر قائم رہنے کو کہا۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے بھی جناب گاندھی سے شکریے کی تحریک پر ہی بولنے کی درخواست کی۔ چیئر کی جانب سے بار بار اپیلوں کے باوجود جناب گاندھی یہ معاملہ اٹھاتے رہے، جس کے بعد ایوان کی کارروائی کل صبح 11 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔ اِس سے پہلے ملتوی ہونے کے بعد ایوان کی کارروائی جب سہ پہر تین بجے دوبارہ شروع ہوئی تب برسرِ اقتدار جماعتوں کے اراکین نے جناب گاندھی کی جانب سے اٹھائے گئے موضوع پر اعتراض جتایا۔ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ کہا کہ جناب گاندھی، فرضی اقتباسات کا حوالہ دیتے ہوئے، ایوان کو گمراہ کررہے ہیں، جو حقائق پر مبنی نہیں ہیں۔

**SB - Rajnath**

پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے جناب گاندھی کے تبصروں پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ جناب گاندھی کو فوج کی توہین نہیں کرنی چاہیئے۔

**SB - Kiren Rijiju**

اپنی رولنگ میں اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ ایوان میں کوئی کتاب یا اخباری خبر تب تک نہیں پڑی جائے گی، جب تک اُس کا ایوان کی کارروائی سے کوئی تعلق نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر بحث ہورہی ہے اور جناب گاندھی کو صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر قائم رہنا چاہیئے۔ وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا کہ جب کوئی کتاب شائع ہی نہیں ہوئی ہے تو جناب گاندھی کس طرح اُس کا حوالہ دے سکتے ہیں۔x

## Jagdambika Pal Gandhi

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، BJP کے رکنِ پارلیمنٹ جگدمبیکا پال نے لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ جناب پال نے جناب گاندھی پر لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کی رولنگ پر عمل نہ کرنے اور ایوان میں شور و غل برپا کرنے کا الزام لگاتے ہوئے، کارروائی کا مطالبہ کیا۔

**SB - 2100 - Final Jagdambika Pal SI**

## Budget Bio Pharma

حکومت نے مالی بجٹ 2026-27میں اگلے پانچ سال کیلئے 10ہزار کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت والی بایو فارما شکتی اسکیم کی تجویز پیش کی ہے۔ اس قدم کا مقصد Biologics اور Biosimilars کی پیداوار کیلئے بھارت کے ایکونظام کو استحکام پہنچانا ہے۔ یہ اسکیم اعلیٰ قدر والی بایوفارماسیوٹیکل مصنوعات اور دواؤں کی گھریلو پیداوار اور ترقی کو مدد فراہم کرنے کیلئے ڈیزائن کی گئی ہے۔ ساتھ ہی اس اسکیم کا مقصد درآمدات پر انحصار کو کم کرنا اور عالمی Biologics اور سپلائی چین میں بھارت کی مقابلہ آرائی کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Bhanu**

مرکزی بجٹ مینوفیکچرنگ کی صلاحیت، ہنرمند افرادی قوت، کلینکل ریسرچ صلاحیت اور انضباطی معتبریت کو واحد فریم ورک سے جوڑتا ہے۔ حکومت نے تین نئے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فارماسیوٹیکل ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، NIPER کے قیام اور موجودہ سات NIPER کی جدید کاری کے ذریعے بایوفارما پر مرکوز نیٹ ورک کو مستحکم کرنے اور اُس کی توسیع کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ اِس قدم کے ذریعے بایو فارما ریسرچ، ترقی، مینوفیکچرنگ اور انضباط کے شعبوں میں اعلیٰ مہارت کی حامل افرادی قوت کی بڑھتی ضرورتوں کو پورا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ مرکزی بجٹ کے دیگر اہم اعلان نے وسیع پیمانے کے کلینکل ریسرچ ایکونظام کا قیام بھی شامل ہے، جس کے تحت ملک بھر میں ایک ہزار درجہ بندی کے حامل کلینکل ٹرائل کے مقامات تیار کرنے کی بھی تجویز ہے۔

اس قدم سے Biologics اور Biosimilars کیلئے جدید کلینکل ٹرائلز کرنے کی بھارت کی صلاحیت میں خاطرخواہ اضافہ ہونے، اختراع کو فروغ ملنے اور اخلاقی، اعلیٰ کوالٹی کے حامل اور موثر کلینکل ٹرائلز کے معاملے میں ملک کو عالمی سطح پر ترجیحی مقام بنانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔

دلّی سے بھانو پرتاپ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

**WB Railway Minister**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا کہ 2026-27 کے مرکزی بجٹ میں ریلوے کیلئے 2لاکھ 78ہزار کروڑ روپے کا ریکارڈ بجٹ مختص کیا گیا ہے۔ ریاست کے لحاظ سے مختص بجٹ پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے، جناب ویشنو نے کہا کہ آسام اور شمال مشرقی ریاستوں کیلئے 11ہزار 486 کروڑ روپے کا بجٹ مختص کیا گیا ہے۔

**SB - Ashwini Vaishnaw**

**Jitendra Budget**

مرکزی بجٹ 2026-27 کو مستقبل کا بجٹ قرار دیتے ہوئے سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج کہا کہ یہ بجٹ اگلے 25برس کیلئے ایک واضح روڈ میپ پیش کرتا ہے۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ بایو فارما شکتی کیلئے دس ہزار کروڑ روپئے کی رقم مختص کرنے سے بھارت کو بایومینوفیکچرنگ کے شعبے میں مضبوط مقام حاصل ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ بجٹ میں متوسط طبقے کو راحت فراہم کرنے پر بھی خصوصی توجہ دی گئی ہے جس میں کینسر جیسی بیماریوں کے علاج کو زیادہ سستا بنانے کے اقدامات شامل ہیں۔ وزیرموصوف نے بتایا کہ نیوکلیئر پلانٹس کیلئے کل پرزوں کی درآمد پر کسٹم محصول میں چھوٹ کو 2035 تک بڑھانے سے سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی ہوگی اور نیوکلیئر توانائی کے شعبے میں اعلیٰ معیار کے بنیادی ڈھانچے تک رسائی یقینی بنائی جاسکے گی۔x

**MAHA Ashwini**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج مطلع کیا کہ ریاستِ مہاراشٹر میں مختلف ریلوے پروجیکٹوں کیلئے 23 ہزار 926 کروڑ روپئے کا ریکارڈ بجٹ مختص کیا گیا ہے۔ ورچوئل وسیلے سے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ بجٹ میں مہاراشٹر میں، ممبئی–پونے اور پونے–حیدرآباد پر مشتمل دو نئے بلیٹ ٹرین پروجیکٹوں کی منظوری دی گئی ہے۔ اِن پروجیکٹوں کی تکمیل کے بعد، ممبئی اور پونے کے درمیان سفر کا وقت 48منٹ کم ہوجائے گا۔ اسی طرح پونے اور حیدرآباد کے درمیان سفر کا وقت ایک گھنٹہ 55منٹ کم ہوجائے گا۔ انھوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ بلیٹ ٹرین پروجیکٹوں سے اِن تینوں شہروں کو کافی فائدہ حاصل ہوگا۔انھوں نے مزید بتایا کہ کل کے مرکزی بجٹ میں حکومت نے مہاراشٹر کے پال گھر ضلع میں Vadhvan بندرگاہ تک مالبرداری کی نئی راہداری کو توسیع دینے کی منظوری دی ہے۔ اِس طرح ملک گیر سطح پر مال برداری کی کنکٹی ویٹی فراہم ہوگی۔x

**Prez Odhisha Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، اپنی آبائی ریاست اڈیشہ کے 6روزہ دورے پر آج شام بھوبنیشور پہنچیں۔ گورنر ڈاکٹر ہری بابو Kambhampati، وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی اور دیگر سینئر معززین نے اُن کا استقبال کیا۔ اپنے اِس دورے کے دوران، صدر جمہوریہ، Khordha، جاج پور، بالاسور، پوری اور میوربھنج ضلعوں میں مختلف

سرکاری، تعلیمی اور ثقافتی پروگراموں میں شرکت کریں گی۔ کل صدر جمہوریہ جاج پور میں Maa Biraja مندر میں پوجا کریں گی اور Navi Gaya میں مذہبی رسومات انجام دیں گی۔ بعد میں وہ، بالاسور میں Fakir Mohan یونیورسٹی کے 12ویں جلسۂ تقسیم اسناد میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کریں گی۔x

## World Wetlands Day

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے وزیرِ مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے آج کہا کہ بھارت نے دلدلی زمین کا تحفظ کرنے میں خاطر خواہ پیشرفت کی ہے۔ رامسر مقامات کی تعداد، جو 2014میں 26 تھی، اب بڑھ کر 98ہوگئی ہے۔

آج نئی دلّی میں زمین کے تحفظ کرنے کے عالمی دن 2026کے موقع پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے کہا کہ دلدلی زمین صرف ایک ماحولیاتی اثاثہ نہیں ہے بلکہ یہ روایتی معلومات کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ انہوں نے دلدلی زمین کے ماحولیات کو پائیدار بنانے اور ثقافتی شناخت کو محفوظ کرنے میں روایتی معلومات کی اہمیت کا اجاگر کیا۔ تقریب کے دوران وزیرِ موصوف نے نئے رامسر مقامات کیلئے بہار، گجرات، راجستھان اور اترپردیش سمیت 6ریاستوں کی عزت افزائی کی۔ x

## EC Mamta Banerjee

انتخابی کمیشن نے ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی، SIR پر مغربی بنگال کی وزیرِ اعلیٰ ممتابنرجی کے ذریعے لگائے گئے الزامات کو مسترد کردیا اور انہیں غلط قرار دیا۔ اس سے پہلے محترمہ بنرجی کی قیادت والے ترنمول کانگریس کے وفد نے انتخابی کمیشن سے ملاقات کی تھی اور ریاست میں SIR سے متعلق معاملات اٹھائے تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار اور دیگر دو انتخابی کمشنروں کی جانب سے تحمل بھری سماعت کے باوجود محترمہ بنرجی نے غلط الزامات عائد کئے۔

چیف انتخابی کمشنر نے محترمہ بنرجی کے سوالوں کا جواب دیا اور واضح کیا کہ قانون اپنا کام کرے گا اور قانون اپنے ہاتھ میں لینے والوں سے انتخابی کمیشن کو حاصل اختیارات اور قانون کی گنجائشوں کے مطابق سختی سے نمٹا جائے گا۔x

## WB BJP Protest

BJP نے آج مغربی بنگال کے کئی ضلعوں میں ضلع مجسٹریٹ کے دفاتر کے سامنے احتجاج کیا اور ریاستی حکومت پر الزام لگایا کہ وہ جان بوجھ کر ووٹر فہرست کی جامع نظرثانی SIR کے عمل کو مسخ کر رہی ہے۔ BJP کارکنوں نے کچھ الیکٹورل رجسٹریشن آفیسرز اور AEROs اور BLOs کے رول کے خلاف بھی احتجاج کیا، جن پر ووٹروں کے بارے میں غلط معلومات جمع کرانے کا الزام ہے۔ BJP کے مطابق اِس کی وجہ سے بہت سے رائے دہندگان کو سماعت کے دوران غیر ضروری پریشانی اور ہراسانی کا سامنا کرنا پڑا۔x

## Mandaviya

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج 'وِکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ' کی کامیابی کے بعد 'مائی بھارت بجٹ Quest-2026' کا آغاز کیا۔ ملک گیر سطح پر کل سے شروع ہونے والی نوجوانوں پر مرکوز اِس پہل کا مقصد، ملک کے نوجوانوں کے درمیان مرکزی بجٹ کو سمجھنے کو فروغ دینا ہے۔ اِس کے علاوہ اِس کا مقصد بجٹ کے التزامات کو مزید قابل رسائی، قابل اعتماد اور شہریوں پر مرکوز بنانا ہے۔x

## Stocks Close

مرکزی بجٹ اجلاس کے دوران منفی رجحان کے بعد گھریلو اشاریوں Sensex اور Nifty میں آج دوبارہ مضبوطی دیکھنے کو ملی، جہاں ایک فیصد سے زیادہ کا اضافہ درج کیا گیا۔ سینسیکس 944 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 81 ہزار 666 پر بند ہوا، جبکہ نفٹی، 263 پوائنٹس کے ساتھ 25 ہزار 88 کے ہندسے تک پہنچ گیا۔ بامبے اسٹاک ایکسچینج کے مجموعی بازار نے بھی آج تیزی پکڑی۔ Mid-cap اشاریے میں تقریباً صفر اعشاریہ آٹھ فیصد، جبکہ Small-cap اشاریے میں صفر اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا۔ وہیں غیرملکی زرِ مبادلہ کے بازار میں آج روپیہ، 48 پیسے مضبوط ہوکر ایک امریکی ڈالر کے مقابلے 91 روپے 51 پیسے رہا۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اِس مہینے کی 5 تاریخ تک اترپردیش کے علاقوں میں گھرے کُہرے کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے دو سے تین روز کے دوران بہار، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، اڈیشہ، پنجاب، راجستھان اور مدھیہ پردیش کے علاقوں میں گھرے کُہرے کی پیشگوئی کی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆